(طٰہٰ : ۱۲۴)

"اور جو کوئی ہمارے ذکر سے منہ موڑے گا تو ہم اس کے لیے معیشت کو تنگ کر دیں گے !"

اس کے برعکس خوشحالی و شادکامی کا راز تو ایمان و تقویٰ کے زیور سے آراستہ ہونے میں مضمر ہے :

"وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ـــــ الآیۃ !" (الاعراف : ۹۶)

"اور اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور تقویٰ (کی راہ) اختیار کرتے تو ہم زمین اور آسمان سے ان پر برکتوں کے دروازے کھول دیتے !"

ـــــ لعلّ فیہ کفایۃ لمن لہ درایۃ ـــــ وما علینا الا البلاغ !

خاندانی منصوبہ بندی والوں کی خدمت میں !

نیا ورلڈ ریکارڈ، خاتون نے بیک وقت ۱۵ بچوں کو جنم دیا

ڈنمارک (انٹرنیشنل ڈیسک) ڈنمارک کے ایک ہسپتال میں گزشتہ اپریل کی پہلی تاریخ کو ایک عورت نے بیک وقت ۱۵ بچوں کو جنم دیا، جن میں ۱۱ لڑکے ۴ لڑکیاں ہیں۔ اسی ہسپتال میں کرسٹینا نوربرگ نامی ایک عورت نے ۱۲ بچوں کو جنم دیا تھا، تاہم کرسٹن نامی اس خاتون نے ۱۵ بچوں کو جنم دے کر گزشتہ ریکارڈ توڑ دیا ہے ۔۔۔۔ اس سے قبل برازیل میں ۱۹۷۶ء میں ایک عورت نے ۱۰ بچوں کو جنم دیا تھا۔ اسی طرح سپین میں ۱۹۲۴ء اور چین میں ۱۹۳۶ء میں دو عورتوں نے ۱۰۔۱۰ بچوں کو جنم دیا تھا۔

(روزنامہ "پاکستان" لاہور، ۲۷ اگست ۱۹۹۳ء)